لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ ربیع الاول ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۳ ماہ ستمبر ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت منشی نسیم الزمان خان آڈیٹر	۱ و ۲
۲	〃 سب اوورسیر دفتر خاص باغ	۲
۳	بابت روغن زرد ولایتی	〃
۴	تبادلہ مدرس انگریزی [illegible]	〃
۵	رخصت [illegible]	۲ و ۳
۶	〃 [illegible] مدرس	۳
۷	[illegible] مدرسہ	〃
۸	رخصت نائب [illegible] مدرس	۳
۹	اعلان نیلام	〃
۱۰	اعلان کتب جدید الطبع	〃
۱۱	لغت حیات ... لغت ...	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۹ اگست ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی تین ماہ منشی نسیم الزمان خان آڈیٹر بوجہ علالت از ۲۶ اگست ۱۹۲۶ء باین انتظام کہ بابو سری رام پیشکار دفتر فائنس بجائے آڈیٹر رخصتی تبدیل کیا جائے تنخواہ حسب دستور فائنس آفس سے پائیگا۔ بجائے پیشکار کے دیگر اہلکاران سے کام

کام لیا جائیگا۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ نسیم الزمان خان آڈیٹر کی رخصت رعایتی تین ماہ منظور ہو بجائے رخصتی کے تین ماہ کے لئے سری رام پیشکار فائنینس آفس کو تبدیل کیا جائے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہون۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۹ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثبۂ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت دربارہ منظوری رخصت مزید یک ہفتہ بابو برہولال سب ڈویزنل افسر خاص باغ بوضع تنخواہ من ابتدا ۲۳ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء ولغایت ۲۹ر اگست سنہ ۱۹۲۶ء بربنائے رپورٹ افسر صاحب انچارج کارہائے خاص باغ۔

حکم

بموجب رپورٹ برہولال سب ڈویزنل افسر کی رخصت مزید یک ہفتہ بوضع تنخواہ بسلسلہ سابقہ منظور ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم علیکم
واقع یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبۂ عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مشمولہ کاغذات رپورٹ تحصیلدار حضور تحصیل بابت انتظام فروخت و آمیزش روغن زرد ولایتی و درآمد روغن زرد ولایتی در شہر و علاقہ ریاست ہٰذا۔

حکم

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ ولایتی گھی کی ممانعت فروخت کے متعلق حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بدین صراحت حکم صادر کیا جاتا ہے کہ کوئی شخص ولایتی گھی شہر یا علاقہ ریاست مین نہ لانے اور نہ فروخت کرے نہ دیسی گھی مین ولایتی گھی کی آمیزش کرے۔ نہ آمیزش کیا ہوا فروخت کرے۔ اگر ولایتی گھی کوئی شخص شہر یا علاقہ ریاست مین لائیگا۔ یا دیسی گھی مین آمیزش کریگا۔ یا آمیزش کیا ہوا فروخت کریگا۔ حسب دفعہ ۱۰۰ تعزیرات ریاست مستوجب سزائے مقررہ ہوگا۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مدرسہ گھیر طوخان مین انگریزی پڑھنے والے طلبا درجہ سوم و چہارم کے نہین ہین ایک لڑکا انگریزی پڑھنے والا تھا اُسنے بھی انگریزی چھوڑ دی ہی۔ اسوجہ سے مین مدرس انگریزی اُس مدرسہ مین بیکار رہی۔ لیکن انسپکٹر صاحب ڈپٹی انسپکٹر صاحب نے کوئی اطلاع ابتک اسکی نہین کی اگر صرف ایک لڑکا انگریزی پڑھنے والا تھا تو بروقت برخاستگی حکیم ہاشم علی مدرس انگریزی کے تقرر کی ضرورت ہی نہ تھی بالفعل اس مدرسہ مین مدرس انگریزی رکھنا فضول ہی جب طلبا انگریزی کے ہونگے اسوقت پھر مدرس کا تقرر ہو جائیگا۔ بالفعل مدرس انگریزی مدرسہ گھیر طوخان اپنی موجودہ تنخواہ پر مدرسہ مڈل مین تبدیل کیا جائے۔ اور اس صورت مین سکندر شاہ خان مدرس مستعفی کی جگہ کے انتظام کی ضرورت نہ ہوگی۔ ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول سکندر شاہ خان کے کام کو تبدیل شدہ مدرس و دیگر مدرسین پر مناسب طور پر تقسیم کر دینگے۔ دونون انسپکٹرونکو آیندہ ایسی غفلت سے محترز رہنا چاہیے۔ لہذا

حکم ہے کہ

کہ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبۂ یادداشت صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع دربارہ منظوری رخصت مزید ہشت یوم صاحبزادہ سید برکت علی خان بہادر

اہلمد اسسٹنٹی درجۂ اول بوجہ علالت۔

حکم

صاحبزادہ سید برکت علی خان اہلمد متعینہ عدالت اسسٹنٹی درجۂ اول کی رخصت ۱۰ یوم حسب تصدیق سرٹیفکٹ ڈاکٹری منظور ہی۔ کام کے انتظام کی ضرورت ہی۔ محمد یونس خان اپرنٹس عدالت ججی پورانہ اور چند مرتبہ کام کردہ اور بہ نسبت ان اپرنٹسان کے وہ پہلے کا اپرنٹس ہے لہذا محمد یونس خان مذکور سے رخصتی اہلمد کا کام لیا جائے۔ اور انکو اس کام کا الاؤنس دس روپیہ ماہوار کے حساب سے دلایا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

مولوی غلام حضرت خان مدرس اول مدرسہ راجدواں کی رخصت چھ ماہ بوجہ علالت بعوض ۸ ستمبر ۱۹۲۶ء سے منظور کی گئی۔ سید علی سابق مدرس اول مدرسہ راجدوارہ بوجہ غیر حاضری کا عادی ہونے کے برخاست کیا گیا تھا۔ اب وہ آیندہ پابندی سے کام کرنیکا اقرار کرتا ہے۔ لہذا بجائے مولوی غلام حضرت خان تیرہ روپیہ ماہوار بر ناسبردہ عوض مقرر کیا گیا۔ تمیز احمد اپنی جگہ مدرسی دوم پر اور اپنی تنخواہ پر بدستور کام کریگا۔ لہذا

حکم ہوا

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس موضع کوپ تحصیل شاہ آباد میں سے کشوری لال ولد مصری لال چہارم پاس کا تقرر گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ برائے امتحان برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ ستمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ثاقب الحسن مدرس مدرسہ پیلے ڈانگا گاؤں تحصیل ملک کی رخصت آٹھ روز یکم ستمبر ۱۹۲۶ء سے بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اعلان مطبع ریاست

مطبع ریاست میں انگریزی و اردو نئے حروف آگئے ہیں

ان حروف کی چھپائی صاف و عمدہ ہوگی۔ لہذا جملہ دفاتر

سرکاری بموجب حکم حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم

مطبع ہذا میں کام طبع کو بھیجیں دوسری جگہ طبع کرانیکی

ضرورت نہیں۔

نیز پبلک کا کام بھی بہت خوبی سے انجام پائیگا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی۔ اِسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف۔ ۱۲ ہی

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات کے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ ہی

العدل۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہے جسمین حق تعالے کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک۔ للعہ ہی

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمایے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۳۱ اگست لغایت ۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۳۱ اگست سنہ ۲۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۳۴۳	۰	۴۵۲	۰	۴۳۳	۲۰	۳۱۰	۰	۲۶۶	۰	۴۲۱
یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء یوم چہار شنبہ	۰	۳۴۳	۰	۴۵۲	۰	۴۳۳	۰	۳۱۰	۰	۲۶۶	۰	۴۲۲
۲ ستمبر 〃 〃 پنجشنبہ	۰	۳۴۳	۰	۴۵۲	۰	۴۳۳	۰	۳۱۰	۰	۲۶۶	۰	۴۲۲
۳ ستمبر 〃 〃 جمعہ	۰	۳۴۳	۰	۴۵۲	۰	۴۳۳	۰	۳۱۰	۲	۲۶۸	۰	۴۲۲
۴ ستمبر 〃 〃 شنبہ	۵	۳۶۲	۲۸	۴۸۰	۴	۴۳۷	۰	۳۱۰	۰	۲۶۸	۱۶	۴۳۸
۵ ستمبر 〃 〃 یکشنبہ	۰	۳۶۲	۰	۴۸۰	۲۰	۴۵۷	۰	۳۱۰	۲	۲۷۰	۷	۴۴۵
۶ ستمبر 〃 〃 دوشنبہ	۰	۳۶۲	۰	۴۸۰	۰	۴۵۷	۰	۳۱۰	۰	۲۷۰	۰	۴۴۵

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۶ لغایت ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سیر	۰	۹ سیر	۰	۷ سیر	۹ سیر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۰ سیر	۰	۷ سیر	۰	۷ سیر	۷ سیر	
نخود گندم آمیز	۷ سیر	۰	۷ سیر	۰	۸ سیر	۷ سیر	
کنکہ	۷ سیر	۰	۷	۰	۰	۸ سیر	
[illegible]	۷ سیر	۰	۰	۰	۱۰ سیر	۹ سیر	
[illegible]	۶ سیر	۰	۰	۰	۳ سیر	۳ سیر	
مکا	۲ سیر	۰	۰	۰	۰	۶ سیر	
جنیو	۵ سیر	۰	۰	۰	۰	۱۰ سیر	
کودوں	۱۵ سیر	۰	۰	۰	۱۵ سیر	۷ سیر	
[illegible]	۱۶ سیر	۰	۰	۰	۱۶ سیر	۱۶ سیر	
[illegible]	۱۵ سیر	۰	۰	۰	۱۶ سیر	۱۶ سیر	
برنج	۴ سیر	۰	۴ سیر	۰	۴ سیر	۴ سیر	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک	۰	[illegible] سیر	۰	[illegible] سیر	[illegible] چھٹانک	
روغن سیاہ	۲ سیر	۰	۲ سیر	۰	۲ سیر	۲ سیر	
روغن [illegible]	[illegible]	۰	۲	۰	۱ سیر	۱ سیر	
[illegible]	۱۳ سیر	۰	۱۳ سیر	۰	۱۳ سیر	۱۳ سیر	
نمک پہوری	۹ سیر	۰	۹ سیر	۰	۹ سیر	۹ سیر	
قند سیاہ	۳ سیر	۰	۳ سیر	۰	۳ سیر	۴ سیر	
باجرہ	۴ سیر	۰	۰	۰	۰	۶ سیر	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی سوم اپریل لغایت فروری سنہ ۱۹۲۶ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد – مسلمان	مرد – ہندو	عورت – مسلمان	عورت – ہندو	میزان	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہندو	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک – مرد	ایکسال سے ۵ سال تک – عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	۱۲ سال سے زیادہ – مرد	۱۲ سال سے زیادہ – عورت	میزان – مرد	میزان – عورت	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہندو	تفصیل امراض – [illegible]	چیچک	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۶۸	۳۶	۶۱	۸	۱۷۳	۱۳۹	۳۴	۴۹	۴۰	۲	۲	۵۲	۵۳	۱۰۵	۹۵	۱۵۶	۴۴	۰	۱۵	۶	۱۸۰	۱	۰	۰	۲۰۰	
گنج	۶۶	۱۰	۴۱	۶	۱۲۳	۱۰۷	۱۶	۳۷	۳۷	۳	۱۲	۳۵	۴۷	۷۵	۸۶	۱۴۱	۳۰	۰	۶	۰	۱۵۵	۰	۰	۰	۱۹۱	
حوالی شہر	۲۳	۲۴	۲۳	۱۵	۸۵	۴۶	۳۹	۱۵	۱۷	۳	۱	۳۶	۱۳	۵۴	۳۱	۴۷	۳۸	۰	۰	۸۵	۰	۰	۰	۰	۸۵	
عظیم نگر	۶۴	۴۹	۴۰	۲۹	۱۸۲	۱۰۴	۷۸	۵۳	۳۱	۸	۶	۵۳	۳۳	۱۱۲	۷۰	۱۱۵	۶۹	۰	۲۵	۱۵۵	۰	۴	۰	۰	۱۸۴	
شاہ آباد	۳۰	۷۱	۴۲	۵۳	۱۵۶	۶۳	۱۲۴	۹۰	۴۱	۱۴	۱۹	۸۲	۵۵	۱۵۶	۱۱۵	۶۴	۲۰۷	۰	۷۵	۰	۱۳۲	۰	۲	۶۲	۲۷۱	
پٹوائی	۱۲	۴۳	۱۰	۴۵	۱۰۲	۲۴	۷۸	۲۳	۲۳	۴	۰	۲۶	۱۲	۵۳	۴۵	۹۴	۶۴	۰	۲۰	[illegible]	۴۸	۰	۰	۰	۸۸	
ملک	۱۹	۳۲	۱۳	۱۴۰	۱۸۴	۳۲	۱۵۲	۶۰	۴۰	۱۲	۹	۸۰	۴۸	۱۵۲	۹۷	۴۰	۲۰۹	۰	۴۳	۰	۲۰۶	۰	۰	۰	۲۴۹	
بلاسپور	۱۰۳	۱۱۸	۹۸	۹۴	۴۱۳	۲۰۲	۲۱۲	۳۲	۱۸	۹	۵	۷۹	۹۹	۱۱۱	۸۹	۱۱۹	۸۴	۱	۴	۱۹۶	۰	۰	۰	۰	۴۰۰	
کیمری	۳۶	۸۰	۱۶	۴۴	۱۶۶	۵۲	۱۲۴	۱۹	۱۶	۴	۱	۵۵	۴۳	۷۷	۵۰	۴۵	۸۲	۰	۴	۰	۱۲۳	۱	۰	۰	۱۲۷	
سوار	۵۷	۸۴	۴۴	۲۵	۱۶۸	۱۰۱	۶۷	۲۸	۲۱	۷	۳	۸۲	۵۲	۱۱۷	۷۶	۱۱۷	۷۶	۱	۴	۰	۱۸۸	۰	۰	۰	۱۹۳	
نانکار	۵۱	۳۷	۳۸	۳۹	۱۶۵	۸۹	۷۶	۳۸	۳۲	۴	۷	۴۱	۳۲	۸۳	۷۱	۸۹	۶۵	۰	۱۸	۰	۱۳۵	۱	۰	۰	۱۵۴	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۸	۶۲	۱۹۱۲	

[illegible] ۱۹۲۶ء